5103- نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کے بارہ میں سوال

سوال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کا نام کیا تھا ؟

پسندیدہ جواب

امام ابن قیم رحمہ اللہ تعالی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جانوروں کی فصل میں کہتے ہیں کہ جانوروں میں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کون کون سے جانور تھے :

اونٹوں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قصواء نامی اونٹنی تھی ۔

کہا جاتا ہے کہ یہ وہی اونٹنی ہے جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ھجرت کا سفر کیا ۔

عضباء اور جدعاء کے بارہ میں اختلاف ہے کہ آیا یہ ایک ہی اونٹنی کے دونام تھے یا کہ دو علیحدہ علیحدہ اونٹنیاں تھیں ؟

عضباء وہ اونٹنی تھی جس سے آگے کوئی نہیں بڑھ سکتا تھا پھر ایک اعرابی نوجوان اونٹ پر آیا تو وہ اس عضباء سے سبقت لے گیا جو مسلمانوں کو بہت ناگوار گزرا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے :

(اللہ تعالی کا حق ہے کہ دنیا میں جس کسی چیز کو بھی بلندی دیتا ہے تو پھر اسے پستی اور زوال پزیر بھی کرتا ہے) ۔

بدر والے دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجھل کا مھری اونٹ مال غنیمت میں حاصل کیا جس کے نتھنوں میں چاندی تھی تو حدیبیہ والے دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکوں کو غضب دلانے کے لیے اسے ھدیہ کردیا ۔ دیکھیں زاد المعاد لابن قیم رحمہ اللہ تعالی (134)

واللہ اعلم

.